مراکش کے جماعتی وفد کی ملاقات

پروگرام کے مطابق سات بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مسجد بیت الرحمٰن ویلنسیا تشریف لائے اور ملاقاتیں شروع ہوئیں۔

سپین کے ہمسایہ ملک مراکش سے دو افراد پر مشتمل وفد پہنچا تھا جن میں ایک صدر جماعت مراکش تھے۔ اس وفد نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔ اور وہاں کے جماعتی حالات کی مناسبت سے مختلف امور پیش کر کے رہنمائی حاصل کی۔ حضور انور نے اس وفد کو ہدایات فرمائی کہ اصحاب کہف کی طرح حکمت سے کام کریں۔ وفد نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں مراکش کے مختلف شہروں اور علاقوں میں جماعت کے قیام اور پروگراموں کے حوالہ سے رپورٹ بھی پیش کی اور ہدایات حاصل کیں۔

حضور انور نے صدر صاحب سے مخاطب ہوتے ہوئے فرمایا کہ مراکش کے ہر احمدی کو میرا سلام پہنچائیں۔